© rasailojaraid.com



پر قادر ہے یا نہیں ۔
خلق شئے سے کیا مراد ہے ۔ خورسال، اطفال قیامت کے روز عذاب کا ہدف بنیں گے یا نہیں ۔ جنت و دوزخ عارضی ہیں یا دائمی ۔ روح کیا ہے ؟
یہ اور اِس نوع کے عجیب و غریب مسائل جن کی وجہ سے اِسلامی صفوں میں اِنتشار اور تشتت کا پیدا ہونا ناگزیر تھا ۔
اِسی دور میں غنوصیت (GNOTICISM) نے جس کے ماننے والے عراق میں کثرت سے تھے ۔ تصوف کو حریفانہ شکل میں پیش کیا اور تقدس و ریاضت کے بہروپ میں اِس یقین کو دلوں میں اتارنے کی کوشش کی کہ علوم نبوت کے مقابلے میں عرفان و ادراک کا ایک اور یقینی ذریعہ کشف بھی ہے ۔
جس کی مدد سے براہِ راست حقائق کونیہ و دنیئہ کو پا لینا ممکن ہے ۔
قریب قریب یہی وہ زمانہ ہے جس میں فقہی مذاہب مدوّن و مرتب ہوئے اور اِن کے پرجوش حامی ایک دوسرے کے مقابلے میں صف آرا ہوئے اور باقاعدہ مناظرہ و جدل کی بنیاد پڑھی ۔
اِس کا قدرتی نتیجہ یہ نکلا کہ عصبیتیں ابھریں ۔ حلقے بنے اور آخر آخر میں تقلید وجمود نے اِسلامی معاشرے کی اکثریت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ۔

## غور طلب نکتہ

یہاں غور طلب یہ نکتہ ہے کہ گمراہیوں کے اِس ہجوم میں اِسلام کی فطرت میں اِصلاح احوال کی جو قدرتی صلاحتیں تھیں کیا وہ چپ چاپ یہ تماشا دیکھتی رہیں اور کسی گروہ کسی جماعت کو یہ توفیق نصیب نہ ہوئی کہ وہ اِن اِنحرافات کی نشاندہی کرئے ۔
اور یہ بتائے کہ اِن گمراہیوں کے مقابلے میں اِسلام کا صحیح موقف کیا ہے ؟
خوش قسمتی سے واقعہ یہ نہیں ہے ۔ تاریخ و سیر سے سرسری واقفیت

© rasailojaraid.com

